نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

2۔ مارچ 2011ء

برائے فوری اجراء

044/2010

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکی سفیر کیمرون منٹر کی جانب سے وفاقی وزیر شہباز بھٹی کے قتل کی مذمت

اسلام آباد (2۔ مارچ 2011ء)___ ریاست ہائے متحدہ امریکہ وفاقی وزیر برائے اقلیتی امور شہباز بھٹی کے قتل کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ میں امریکی عوام کی جانب سے اُن کے اہل خانہ اور تمام پاکستانیوں سے گہری ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں۔

وفاقی وزیر شہباز بھٹی ایک محبّ وطن پاکستانی اور افہام وتفہیم کی آواز تھے، اُنہوں نے خدمت خلق کو اپنا شعار بنایا اور قائداعظم کی اپنی قوم کے بارے میں سوچ کے لئے کہ وہ جمہوری رواداری کی علمبردار ہوگی خود کو وقف کر رکھا تھا۔ شہباز بھٹی کی وفات اُن تمام لوگوں کے لئے ایک نقصان ہے جو اقدار پر یقین رکھتے ہیں اور جن اقدار سے انہوں نے اپنی وابستگی کا حق ادا کر دیا۔

امریکہ ہم سب کے لئے خطرے کی حامل عدم رواداری اور تشدد آمیز انتہا پسندی کے خلاف لڑائی میں پاکستان کی قوم اور حکومت کے ساتھ کھڑا ہے۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔